27112- میڈیکل ٹیسٹ کیلئے ہاتھ سے مشت زنی کرنا جائز ہے۔

سوال

میں جانتا ہوں کہ مشت زنی اسلام میں حرام ہے، لیکن اگر کسی شخص نے بانجھ پن یا بچے پیدا کرنے کی صلاحیت سے متعلق ٹیسٹ کروانے ہوں تو لیبارٹری میں مرد کا مادہ منویہ طلب کیا جاتا ہے، اور لیبارٹری میں صرف مشت زنی سے ہی مادہ منویہ فراہم کیا جا سکتا ہے، تو کیا یہ جائز ہے؟

پسندیدہ جواب

ہاں یہ جائز ہے، شیخ عبد اللہ بن حمید
رحمہ اللہ سے اس بارے میں سوال پوچھا گیا تو انہوں نے جواب دیا:
"ضرورت کی بنا پر ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، علمائے کرام کہتے ہیں کہ: جو شخص
بغیر کسی ضرورت کے مشت زنی کرے تو اسے تعزیری سزا دی جائے گی، تاہم کسی ضرورت کی
بنا پر مثلاً: میڈیکل ٹیسٹ یا اولاد نہ ہونے کی بیماری کی تشخیص کیلئے منی خارج
کرنا جائز ہے، کیونکہ ہو سکتا ہے کہ بیماری خاوند میں ہو، اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ
بیوی میں ہو، اس قسم کے حالات میں ان شاء اللہ کوئی حرج نہیں ہے" انتہی
ماخوذ از: فتاوی الشیخ عبد اللہ بن حمید (صفحہ: 271)

واللہ اعلم.